BOOK INFO

Subject	Islamic Studies
Title:	MERI ISLAMIYAT KI KITAB 3
Author:	Abdul Rehman Tahir Ghazala S Warris
Pages:	52
Size:	18 cm X 23.50 cm
Binding:	C.B Center Pin
Ist Edition:	1997
Latest Edition:	2003
Printing:	4 Colours
ISBN:	978-969-584-108-2
Price:	Rs. 75.00

میری
اِسلامیات کی کِتاب



عبدالرحمٰن طاہر
غزالہ ایس وارث

تِیسری جماعت کے لئے

بُک سَنٹر
لاہور، پاکِستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

میرا نام ____________ ہے۔

اب میں تیسری جماعت میں ہُوں۔

یہ میری اِسلامیات کی کِتاب ہے۔

آئیے، دیکھیں اس میں کون کون سا سبق کِس صفحہ پر ہے۔

سبق	صفحہ نمبر
1- قُرآن خوانی	5
1- ناظرہ	5
2- حِفظ	5
3- سُورۃ العصر	5
4- سُورۃ الکوثر	5
5- سُورۃ اللھب	6
6- سُورۃ الاخلاص	6
2- بُنیادی عقائد	7
1- فرِشتوں پر اِیمان	8
2- حضرت جبرائیل علیہ السّلام	8
3- حضرت میکائیل علیہ السّلام	9
4- حضرت عِزرائیل علیہ السّلام	9
5- حضرت اِسرافیل علیہ السّلام	9
3- یومِ آخرت	11
4- عِبادات	15
1- تلاوت قرآنِ مجید کے آداب	15
5- 1- نماز	18
2- (i) نمازِ فجر (ii) نمازِ ظہر (iii) نمازِ عصر (iv) نمازِ مغرب (v) نمازِ عشاء	19

سبق	صفحہ نمبر
6- نماز پڑھنے کا طریقہ (لڑکوں اور لڑکیوں کے لیے)	**21**
1- (i) اِقامت اور نیّت (ii) تکبیرِ تحریمہ (iii) قیام	22
2- (i) ثناء (ii) تعوّذ (iii) تسمیہ (iv) سُورۂ فاتحہ	23
3- (i) سُورۂ اخلاص (ii) تکبیر (iii) رکوع (iv) قومہ	24
4- (i) تحمید (ii) تکبیر (iii) پہلا سجدہ (iv) جلسہ (v) دُوسرا سجدہ	25
5- (i) قعدہ (ii) تشہّد	26
9- (i) درُود شریف (ii) درُود شریف کے بعد کی دُعاء	27
10- (i) تسلیم، سلام دائیں جانب (ii) سلام بائیں جانب (iii) نماز کے بعد کی دُعاء	28
11- (i) وِتر (ii) دُعائے قنوت	29
7- سیرتُ النبی ﷺ	**32**
(i) اِبتدائی زِندگی، شام کا سفر	32
(ii) حلفُ الفضُول	33
(iii) حربِ فِجار، صادق و امین	34
(iv) حجرِ اسْود کا واقعہ	35
(v) تجارت، حضرت خدیجہؓ	36
(vi) شادی، نزولِ وحی	37
(vii) غارِ حرا (تصویر)	38
8- اَخلاقیات	**41**
(i) رِشتہ داروں کے حقُوق	41
(ii) ہمسایوں کے حقُوق	42
(iii) آدابِ مُعاشرت، دُوسروں کی اشیاء کا اِستعمال، جھُوٹ سے اِجتناب	44
(iv) غِیبت، آدابِ گفتگو	45
9- پاک کلمات	**50**
(i) تعوّذ و تسمیہ، (ii) تسبیح و تحمید	50
(iii) طالب عِلم کی دُعاء	51

عِبادات

تلّاوتِ قُرآنِ مجید کے آداب

پیارے بچّو! ہم پہلے ہی پڑھ چکے ہیں کہ قُرآنِ مجید اللہ تعالیٰ کی **آخری کِتاب** ہے۔ یہ کِتاب اللہ نے اپنے آخری نبی حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر نازِل فرمائی۔

قُرآنِ مجید اللہ کی ایک ایسی کِتاب ہے جو اِنسانوں کی **مکمّل رہنمائی** کرتی ہے۔ دُنیا میں زِندگی گزارنے کا مکمّل طریقہ اِس کِتاب میں درج ہے۔ ہر مُسلمان کا فرض ہے کہ وُہ اس کے احکامات پر عمل کرے اور اس میں جِن باتوں سے منع کیا گیا ہے اُن سے بچے۔

قُرآنِ مجید کی ایک صِفت یہ بھی ہے کہ اس کی صِرف **تلاوت** کرنے کا بھی بڑا ثواب ہے۔ اللہ کے پیارے نبی حضرت مُحمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا اِرشادِ مُبارک ہے کہ **"قُرآنِ مجید کا ایک ایک لفظ پڑھنے کا بہُت ثواب ہے۔"** اسی لیے اس کی تلّاوت کے آداب بھی مُقرّر فرمائے گئے ہیں۔

تلّاوت کے آداب کا خیال رکھنے سے بہُت ثواب مِلتا ہے اور ہدایت بھی ملتی ہے، تو عزیز بچّو! تلاوت شُروع کرنے سے پہلے تلّاوت کے آداب کو اپنے ذہن میں لایئے اور اُن کا خیال رکھیے۔

سوالات

1۔ خالی جگہ پُر کیجئے:

1۔ تلاوتِ قرآنِ مجید سے پہلے .... کرلینا چاہیے۔

2۔ قُرآنِ مجید کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا جلد جلد پڑھنے سے .... ہے۔

3۔ قُرآنِ مجید کی صرف .... کا بھی بہُت ثواب ہے۔

4۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کو .... کہتے ہیں۔

5۔ اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ کو .... کہتے ہیں۔

6۔ قُرآنِ مجید کو سمجھ کر پڑھنا بہُت زِیادہ .... کا کام ہے۔

7۔ جہاں شور ہو رہا ہو وہاں .... نہیں پڑھنا چاہیے۔

2۔ ہر سوال کے سامنے دو دو جوابات دیئے گئے ہیں۔ دُرست جواب کے گِرد دائرہ لگائیے۔ مِثال دے دی گئی ہے۔

1- قُرآنِ مجید کیسے پڑھنا چاہئے؟	جلدی جلدی / ٹھہر ٹھہر کر
2- قُرآنِ کریم کو کس انداز میں پڑھنا چاہئے؟	گانے کے۔ قاری کے
3- ہمیں کِس دِن قُرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہئے؟	جُمعہ کو۔ ہر روز
4- ہمیں قُرآنِ کریم پڑھنے کا آغاز کیسے کرنا چاہئے؟	تعوُّذ و تسمیہ سے۔ سُورۃ الفاتحہ سے
5- تلاوت کے وقت ہمیں مُنہ کِس طرف کر کے بیٹھنا چاہئے؟	بَیت المقدّس کی طرف۔ قِبلہ کی طرف